# میڈیا کوآرڈینیٹر آفس

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

# 26 جنوری 2018

پریس ریلیز

## جامعہ اسکول میں انتہائی تزک واحتشام کے ساتھ منائی گئی 69 ویں یوم جمہوریہ کی تقریب

نئی دہلی۔: 26 جنوری کی مناسبت سے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مختلف اسکولوں کی جانب سے 69 ویں یوم جمہوریہ کی تقریب اسکول کیمپس میں انتہائی تزک واحتشام کے ساتھ منائی گئی۔اس موقع پر طلباء و طالبات نے وطن محبت، دیش بھکتی اور آزادی پر مبنی نغمے پیش کئے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر طلعت احمد نے باضابطہ جھنڈا پھہرا کر پروگرام کا آغاز کیا، جامعہ اسکول این سی سی کی جانب سے وائس چانسلر پروفیسر طلعت احمد کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔طلباء وطالبات نے مختلف قسم کے رنگارنگ ثقافتی وادبی پروگرام پیش کر کے امن ومحبت، بھائی چارگی اور سلامتی کا پیغام دیا۔

پروفیسر طلعت احمد، وائس چانسلر جامعہ ملیہ اسلامیہ نے طلباء اور مبارکباد پیش کرتے ہوئے انھیں قوم ووطن کے کے لئے مزید محنت اور تگ ودو کرنے کی ترغیب دی، انھوں نے طلباء کو جدید تکنالوجی سے خود کو وابستہ کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ آنے والی صدی صدی تکنالوجی اور جدید اختراعات وایجادات کی صدی ہوگی، ایسے میں طلباء کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی آنکھیں کھلی رکھیں اور خوب محنت کریں۔

اس موقع پر پرووائس چانسلر پروفیسر شاہد اشرف، رجسٹرار اے پی صدیقی، پروفیسر شرف الدین احمد، ڈاکٹر اے اے فیضی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلباء، اساتذہ وکارکنان سمیت بڑی تعداد میں لوگ موجود تھے۔

ڈاکٹر مظفر حسن، پرنسپل جامعہ سینئر سکینڈری اسکول نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا، جس میں حق اور سچ کی تلقین کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ملک کے مجاہدین کا یہی خواب تھا اور اسی کے لئے ہمیں کوشش کرنے کی ضرورت ہے۔

جاری کردہ:

پروفیسر صائمہ سعید

میڈیا کوآرڈینیٹر